اٹالین؛

اعلیٰ درجہ (Advanced):

طالب علم اپنا ہوم ورک احسن طریقہ سے سر انجام دیتا ہے۔ ہوم ورک کرنے کے لیے وہ سکول میں سکھائے گئے سبق اور خود بھی ریسرچ کر کے اپنے وسائل (مختلف کتابوں اور نیٹ) کو بروئے کار لاتا ہے۔

طالبعلم اپنا ہوم ورک تسلسل، ذمہ داری اور خود مختاری کے ساتھ کرتا ہے۔

درمیانی درجہ (Intermediate):

طالب علم عام طور پر اپنا ہوم ورک باقاعدگی اور خود مختاری کے ساتھ کرتا ہے، اور اس کو اچھے طریقہ سے کرنے کے لیے وہ سکول میں دیے گئے سبق کے علاوہ اپنے وسائل بھی استعمال کرتا ہے۔

لیکن پہلے درجہ کے برعکس بچہ کبھی کبھی ہوم ورک دوسروں سے مدد لے کر اور لا پرواہی سے بھی کرتا ہے۔

بنیادی درجہ (Basic):

طالب علم صرف کبھی کبھی اپنا ہوم ورک کرتا ہے اور اسے سر انجام دینے کے لیے صرف استادوں کے بتائے گئے طریقوں اور وسائل سے کرتا ہے۔

ہوم ورک زیادہ تر باقاعدگی اور توازن سے نہیں کرتا دوسروں سے مدد لے کر کرتا ہے اور اس میں لاپرواہی کا مظاہرہ کرتا ہے۔

آخری درجہ (First acquisition):

طالب علم اپنا کام صرف اور صرف استاد کی موجودگی میں اس کے ساتھ مل کر اسی کے بتائے گئے طریقے کے مطابق کرتا ہے۔

BSIC885009 - REGISTRO PROTOCOLLO - 0000880 - 16/02/2021 - IV - U